© rasailojaraid.com

اے میرے بندو! جنھوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا ہے اللہ کی رحمت سے ہرگز مایوس نہ ہونا۔ بے شک اللہ تعالیٰ تمام گناہوں کو معاف فرما دے گا۔ حقیقت یہ ہے کہ وہ بہت زیادہ معاف فرمانے والا اور بہت ہی زیادہ مہربانی فرمانے والا ہے۔

توبہ کو واقعی توبہ بنانے کے لیے ضروری ہے کہ آدمی کی زندگی میں تین پسندیدہ اعمال کا ظہور ہو: انابت: یعنی اللہ کی طرف رجوع، جس کا اظہار انسان کے قول و عمل اور شب و روز کی سرگرمیوں سے ہو۔ اسلام: یعنی اطاعت اور فرماں برداری کی زندگی گزارنے کا اہتمام ہو۔ اتباعِ قرآن: قرآن کے اوامر و نواہی پر عمل کا شوق اور التزام ہو۔ (محمد یوسف اصلاحی، مسائل اور اُن کا حل، ص ۴۳-۴۴)

## کیا دینی کتب کی تقسیم قرضِ حسن ہے؟

س: قلمی و زبانی اشاعتِ دین میں اپنی سی سعی و کاوش کے علاوہ مالی طور پر کتب خرید کر دینا کیا اللہ تعالیٰ کو قرض دینے کے زمرے میں آتا ہے؟ یا راہِ حق میں جہاد کرنے کی تعریف میں؟ صراحت مطلوب ہے۔

ج: دین کی اشاعت و تبلیغ، اور دین کی اقامت و غلبے کی کوششوں میں اپنی بساط بھر مومن جو ذہنی، فکری، جسمانی، مالی کوشش و کاوش بھی کرے گا، وہ راہِ حق میں بلاشبہہ جہاد ہی ہے۔ قلم سے بھی جہاد ہوتا ہے اور جان کھپا کر اور جان دے کر بھی جہاد ہوتا ہے۔

اس وقت، جب کہ ہر طرف باطل کا غلبہ ہے، خدا کا دین مغلوب ہے، لوگ دین سے ناواقف بھی ہیں اور دین کے خلاف ہر طرح کی فکری اور عملی مخالف کوششیں بھی ہو رہی ہیں۔ ایسے حالات میں جس بندے کو جو پونجی میسر ہے، خواہ وہ مال ہو یا صلاحیتیں، زبان کی طاقت ہو یا قلم کی، بندہ جس طرح بھی دین کی اشاعت و اقامت میں لگے گا ان شاء اللہ وہ سب کچھ جہاد میں شمار ہوگا۔ دین کا تعارف کرانے، اور دین کو لوگوں میں مقبول بنانے اور اسلام کی طرف لوگوں کو متوجہ کرنے کے لیے جو شخص اپنا مال خرچ کر کے دینی کتب خرید کر تقسیم کرے اور لوگوں تک پہنچائے وہ یقیناً خداوند عالم کو قرض حسن دے رہا ہے۔ اور اس دور میں یہ بہترین قرضِ حسن ہے، جس پر

© rasailojaraid.com

اللہ سے اچھی اُمیدیں وابستہ کرنا چاہییں۔ خداوند عالم ہم سب کو اپنی جان اور مال سے اپنی راہ میں جدوجہد کرنے کی توفیق بخشے، آمین!

دورِ حاضر کتابوں کا دور ہے۔ کتابوں کے ذریعے دعوت و تبلیغ اور خدا کے دین کی اقامت کے جو مواقع آج پیدا ہوگئے ہیں، اس سے پہلے کبھی نہیں تھے۔ طباعت اور اشاعت کی جو سہولتیں اور ذرائع اس وقت میسر ہیں، ان سے فائدہ اُٹھانا اور ان میں دین کی اشاعت اور دین کی اقامت کی خاطر اپنا دل پسند مال لگانا یقیناً اللہ کو قرضِ حسن دینا بھی ہے اور جہاد بالمال بھی، اور یقیناً اس مہم میں شرکت کی سعادت پر اللہ سے اجر و صلے کی توقع رکھنا بجا ہے۔ (محمد یوسف اصلاحی، مسائل اور اُن کا حل، ص ۳۲۲-۳۲۳)

---


## ہماری نئی کتاب

درسِ قرآن اہم دعوتی و تربیتی سرگرمی ہے
اسے بہتر سے بہتر انجام دینے کے لیے

**خرم مراد** کی

# درسِ قرآن کیسے دیں؟

اہم عملی رہنما کتاب
قرآن کے ۵ مختلف حصوں کا درس تیار کرنے کی ہدایات مع ماڈل درس

صفحات: ۲۴۰	قیمت: ۲۲۰ روپے




قرآن پر مصنف کی دیگر کتب

رب کا پیام - آخری سورتوں کے درس دو حصے - قرآن کا راستہ
درس قرآن سیریز ۱۴ کتابچے - WAY TO QURAN

مکمل فہرست کے لیے اپنا پتا SMS کیجیے 0332-0034909, 0320-5434909

منشورات
منصورہ، ملتان روڈ، لاہور - 54790 فون: 042-3543 4909، فیکس: 042-3543 4907
manshurat@hotmail.com